وظائف۔

فہرست

1:25۔26۔27 ربیع الاول

2: نعمتوں اور برکتوں کے حصول کے لیئے

3:رزق اور برکت کے دروازے کھولنے کا وظیفہ

4:یاوھاب

5:چند اعمال احباب کے لیئے

6:ہر قسم کی بیماری کے لیئے مفید روحانی علاج

7:آیت کرسی

8: مفتی تقی عثمُانی مدظلہ کے دادا کا وظیفہ

9: خصوصی عمل

10:الحمدللہ اللہ بنعمتہ تتم الصالحات

وظائف۔

11: صبح اور شام کا عمل
12: وعلیکم السلام و رحمت اللہ و برکاتہ
13: کسی دوست کو اس ترتیب پر دم کرنے کی اجازت دی تھی
14: حضرت مولانا احمد لاٹ صاحب کا پیغام
15: خوف و گھبراہٹ سے حفاظت
16: رزق و روزی میں برکت قرآن و سنت کی روشنی میں
17: ہر قسم کی مشکلات کو آسان کرنے اور برکت کے لیئے
18: رقیہ شرعیہ ہر قسم کی بیماری کے لیئے
19: خواتین کے لیئے اسم اعظم پڑھنے کا طریقہ
20: ذاکر کی کامیابی یقینی ہے
21: ہر قسم کے امراض کے لیئے مجرب ہے
22: جادو کا حتمی علاج
23: ایک عمل کی دوستوں کو اجازت دیتا ہوں

وظائف۔

24:درود شریف ناریہ

25:خانقاہ کے ساتھ دلائل الخیرات کو پڑھنا چاہیں

26:ان دو عمل کی خانقاہ کے ساتھیوں کو خصوصی اجازت ہے

27: عمل برائے زیارت نبی کریم صل اللہ علیہ والہ وسلم

وظائف

1:25۔26۔27 ربیع الاول۔۔:

25۔26۔ 27ربیع الاول کا خاص عمل برائے غیبی مدد اور ضروریات پوراھونے کیلیئے مجرب عمل پھر دوسرے دنوں میں وقت ضرورت کر کے دعاکریں۔۔۔

یاحنان یامنان یا ذاالجلال والا کرام 313 مرتبہ

وظائف۔

اول آخر درود ابراہیمی 3-3 بار پھر دعا کریں کسی بھی ضرورت کے وقت تین دن کم از کم یکسوئی کے ساتھ یہ عمل کرکے دعا کریں---

2: نعمتوں اور برکتوں کے حصول کے لییۓ---:

12ربیع الاول کو 111 بار سورہ ضحی کی آیت ولسوف یعطیک ربک فترضی پڑھیں اول آخر 7 ---7--بار درود ابراہیمی پڑھیں--پیر اقبال قریشی

3:رزق اور برکت کے دروازے کھولنے کا وظیفہ---:

9 ربیع الاول کے دن یا رات 300 بار پڑھیں اور دعا کریں سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم--اسکے بعد اس کو پھر پڑھا کریں۔پیر محمد اقبال قریشی صاحب حفظہ اللہ--

بخاری شریف کی آخری روایت ھے رسول اللہ صل اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا دو کلمے ایسے ھیں جو زبان پر ھلکے ھیں اللہ تعالٰی کے نزدیک محبوب

وظائف۔

ھیں اور پسندیدہ ھیں قیامت کے دن ترازو میں بھاری ھیں سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم--

۔ایک حدیث میں آتا ھے کہ اس ذکر کی برکت سے اللہ تعالٰی ساری مخلوق کو رزق دیتے ھیں اور یہ ان کا وظیفہ ھے ایک حدیث میں آتا ھیکہ اللہ تعالٰی کے نزدیک محبوب ترین کلام سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم ھے ایک صحابی نے رزق کی تنگی کی شکایت آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کیا آپ نے ارشاد فرمایا صبح صادق کو 100 بار سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم استغفراللہ پڑھا کریں-- کچھ وقت کے بعد وہ صحابی پھر حاضر خدمت ھوئے آپ نے حال پوچھا اس نے کہا اللہ نے بہت زیادہ رزق دیا ھے کہ رکھنے کی جگہ نہیں ھے--

ایک کتاب میں دیکھا جمعہ کی نماز کے بعد سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم 100 بار کوئی پڑھے اللہ اسکی ماں باپ کے ھزار ھزار گناہ معاف کریں گے--ایک روایت میں 100 دفعہ پڑھنے والوں کے ایک

وظائف۔

هزار گناه کا معاف هونا آیا هے ایک روایت میں جو مسلمان 100بار سبحان الله و بحمده سبحان الله العظیم پڑهے الله اس کے گناه معاف کرتے هیں اگرچہ وه سمندر کے جهاگ کے برابر هوں۔

سبحان الله و بحمده سبحان الله العظیم

سبحان الله و بحمده سبحان الله العظیم استغفرالله

سبحان الله و بحمده سبحان الله العظیم وبحمده---فقیر غلام الله رستم نقشبندی خانقاه عالیه صمدیه نقشبندیه شاهی تمپ تربت کیچ بلوچستان

4:یاوهاب--:

انک انت الوهاب

ربیع الثانی کی پهلی تاریخ کا وظیفه----

ربیع الثانی--

وظائف۔

دن یا رات 1000مرتبہ یاھاب پڑھیں اور ھزار مرتبہ پڑھنے بعد 11 مرتبہ انک انت الوھاب پڑھیں--

اور دعا کریں----اپنی حاجات مرادات اللہ سے مانگیں--

-پیر اقبال قریشی صاحب------

اس اسم کو اکسیر الفقراء بھی کہتے ہیں--

مولانا یعقوب ناناتوی رحمت اللہ علیہ

ھمارے مبارک مرشد حضرت مولانا سیدآغا عبدالصمد جان صاحب مدظلہ العالیہ --

عام طور پر ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ پڑھنے کا کہتے جبکہ وتر سے پہلے 1000 مرتبہ پڑھنے کو ارشاد فرماتے ہیں---- ----

فرماتے ھیں اگر بیوی نافرمان ھو تو شوہر کثرت سے پڑھا کرے شوہر میں بگاڑ ھو تو اھلیہ اس کی کثرت کرے۔

اس سے رزق اور عزت میں ترقی ھوتی ھے--

وظائف۔

فقیر غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ نقشبندیہ شاھی تمپ تربت کیچ بلوچستان ۔

5:چند اعمال احباب کے لیئے --:

جو مسائل حل نہ ھوں بیماری ٹھیک نہ ھو----

تو چند افراد مل کر سورہ تغابن شریف کا ختم کرکے دعا کریں بہتر یہ ھیکہ دعا میں شامل دوستوں کا اکرام کیا جائے۔

اگر اکیلا عمل کرنا چاہے تو اکتالیس مرتبہ ایک رات پڑھیں پھر روزانہ صبح تین یا ایک بار پڑھا کرے۔اور پابندی کرے ان شاء اللہ مقصود حاصل ھو گا۔پابندی کرنے سے ظالم کے دل میں نرمی پیدا ھو گی--

2--آیت کرسی شریف حفاظت کے لیئے بہترین عمل ھے ----

ہر نماز کے بعد سات بار کی پابندی کریں۔اگر کوئی ھمت کرے اکتالیس رات سو مرتبہ پڑھے ۔

وظائف۔

شرائط یہ ھیں--

نمبر ایک کمرہ اندھیرا ہو کوئی روشنی نہ ہو--

نمبر دو تنہائی ہو پڑھنے والے کے علاوہ کوئی اور نہ ہو-------

چالیس دن کے بعد آپ سورہ بقرہ کا عامل ہو نگے کسی گھر میں جنات جادو کا اثر ہو تو سورہ بقرہ پڑھنے سے فائدہ ہو گا---

مناسب سمجھیں ہر نماز کے بعد آیت کرسی پڑھنے کا معمول بنا لیں-- عند الضرورت ضرورت مندوں پر دم کر سکتے ہیں--

نمبرتین-- سورہ فاتحہ اکتالیس مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کرنے سے بخار ٹوٹ جاتا ھے ----ہر مرض کا دوا ھے---

کسی بھی مسئلے کے لیئے اس سورہ مبارک کو پڑھ سکتے ہیں۔

چالیس دن فجر کی سنت کے بعد اور وتر کے بعد اکتالیس اور ہر نماز کے بعد گیارہ بار پڑھیے ۔اس کے بعد ہر نماز کے بعدگیارہ بار ہر نماز کے بعد پڑھا کریں۔

وظائف۔

اگر مکمل ترتیب پر پڑھیں گے تو کیا کہنا۔

باقی مسنون اعمال کی پابندی کریں---

فجر کے بعد تلاوت کے ساتھ سورہ یس ضرور پڑھا کریں---

مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ھیں کہ ترقی کا سب سے بڑا اور بہترین ذریعہ اعمال میں لگے رھنا ھے دل چاہے یا نہ چاہے--پابندی کرتے رھو --ایک دن آئے گا کہ اعمال کے فائدے اور برکات آپ اپنے آنکھوں سے دیکھ لیں گے----اعمال کی طاقت آپ کے مٹھی میں آئے گی--چندبار بس پڑھنے کی دیر ھو گی پابندی راز داری شرط ھے---

مفتی زرولی خان صاحب فرماتے ھیں ناغہ کرنا روحانیت کے لیئے کینسر ھے مولانا یوسف لدھیانوی صاحب رحمت اللہ علیہ فرماتے ھیں اعمال نہ کرنے والے کو ثواب ملے گا لیکن روحانیت اور نورانیت نھیں ملے گی----

وظائف۔

پیر ذوالفقار علی نقشبندی فرماتے ھیں اپنا کھانا چھوڑو لیکن اعمال اور معمولات کو ترک مت کرنا۔۔

مفتی شفیع صاحب نے مولانا زکریا صاحب کو لکھا حضرت امتحان کے دوران تلاوت کرنا مشکل ھوتا ھے چھوڑ سکتا ھوں۔زکریا صاحب نے جواب دیا آج امتحان کے بھانے کل کسی اور بھانے تلاوت چھوڑو گے اس لیئے تلاوت کی پابندی کریں۔۔۔بالکل مت چھوڑیں۔۔خلاصہ۔۔۔۔

تلاوت چھوڑ نے کا بھانہ کرتے ھو کھانا چھوڑ نے کا بھانہ کیوں نھیں کرتے ہو۔۔فتنے کا دور ھے تھوڑا عمل کرنے اور گناھوں سے بچنے میں بہت ترقی ھوتی ھے۔۔۔۔۔۔۔

ھمت مرداں مدد خدا

وظائف۔

6:ہر قسم کی بیماری کے لیئے مفید روحانی علاج۔-:

درود شریف 11بار

سورہ فاتحہ 41بار

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین41بار

سورہ اخلاص 3بار

سورہ فلق3بار

سورہ ناس 3بار

درود شریف 11بار پڑھکر پانی پر دم کرکے پیتے رہیں--اور پانی ملانا نہیں ھے یہ پانی ختم ھو اور پانی دم کریں--

بقول مولانا یونس پالنپوری صاحب بہت سے لوگوں نے اس پر عمل کرکے فاۂدہ اٹھایا ھے--فقیر غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ نقشبندیہ شاھی تمپ تربت کیچ بلوچستان

وظائف۔

7:آیت کرسی ---:

قرآن شریف کی ہر آیت مبارک بابرکت ھے قرآن اللہ کا کلام ھے حدیث شریف میں آتا ھیکہ بھترین دوا قرآن ھے قرآن شریف کی ہر آیت اور سورت کے اپنے اپنے خواص ھیں جو احادیث مبارکہ یا اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین یا بزرگ علماء کرام نے بیان کیئے ھیں--

ان میں سورہ بقرہ تمام سورتوں کا سردار اور آیت کرسی تمام آیتوں کا سردار اور عظیم آیت ھے اس ایک آیت میں 18 مرتبہ اللہ تعالیٰ کا نام آیا ھے--

امام رازی رحمت اللہ علیہ فرماتے ھیں صراحتا کنایتا اور اشارتا اس ایک آیت میں ستر مرتبہ اللہ کا نام نام آیاھے -

پیر محمد اقبال قریشی صاحب نے صفر کے تیسرے عشرے میں آیت کرسی کا ایک مختصر عمل بیان کیا ھے جس سے آیت کرسی کا عمل

وظائف۔

پختہ اور مضبوط ھو جاتا ھے 20 صفر کی رات یا دن کو 70 بار ایک جگہ اور وقت بھی ایک ھو تو بہتر ھے یکسوئی کے ساتھ پڑھے-----

ہر بار آیت کے ختم پر وَلَا یَؤُدُہٗ حِفۡظُھُمَا وَھُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ کو 11 مرتبہ پڑھا کرے--

سفر پر جانے کا اتفاق ھو تو اپنا مصلی ساتھ لے لے جس پر عمل شروع کیا ھو--

دس دن پورا کرے پھر روزانہ اکیس بار پڑھا کرے ان شاء اللہ جنات سے حفاظت ھوگی رکاوٹیں ختم ھونگی ترقی اور فتوحات ملے گی۔اگر مزید مضبوط کرنا ھے تو ستر دن تک ستر مرتبہ پڑھتا رھے عورتیں ناغا کے دن بعد میں پورا کریں--

خانقاہ کے سب دوست کوشش کریں کہ یہ مختصر وظیفہ دس دن کا کر لیں اور بندہ اطلاع بھی دیں۔ مفتی زرولی خان صاحب رحمت اللہ علیہ

وظائف۔

فرماتے ہیں روزانہ 25 مرتبہ اس کو پڑھنا چاہیئے اگر 101 بار کی پابندی کرے تو کوئی دشمن اس کے مقابلے میں نہیں آسکتا۔۔۔

فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھنے والے کو جنت میں جانے کے لیئے صرف مرنے کی دیر ھے حدیث ۔اس کی پابندی کرنے والوں کو انسان اور شیطان سے حفاظت ھوتی ھے۔۔۔۔

ایک جن نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے کہا تھا کہ جو شخص آیت کرسی پڑھے گا ھم اس کو قابو نہیں کر سکتے اس لیئے خوف کے وقت یا عمل کرتے وقت اس کا پڑھنا مفید و مؤثر ھے

گھر سے نکلتے وقت اور داخل ھوتے وقت اس کے پڑھنے سے گھر میں برکت ھوتی ھے۔۔

قریشی صاحب فرماتے ھیں کہ ایک سفر میں موجودہ تبلیغی بزرگ مولانا نذر الرحمن صاحب میرے ساتھ گاڑی میں سوار تھے سفر شروع کرتے وقت نذرالرحمن صاحب نے فرمایا کہ چار مرتبہ آیت کرسی پڑھو ایک مرتبہ

وظائف۔

پڑھکر دائیں دوسری دفعہ پڑھ کر بائیں تیسری دفعہ پڑھ کر اوپر اور چوتھی دفعہ پڑھکر نیچے دم کریں۔۔۔

مفتی زرولی خان صاحب ہر نماز کے بعد پانچ بار پڑھنے کا کہتے هیں۔۔۔

همارے مرشد حضرت مولانا سیدآغا عبدالصمدآغا جان مدظلہ العالیہ حفاظت کے لیئے سات مرتبہ پڑھنے کا کہتے هیں۔ایک مرتبہ دائیں دوسری مرتبہ بائیں تیسری مرتبہ آگے چوتھی مرتبہ پیچھے پانچویں مرتبہ اوپر چھٹی مرتبہ نیچے ساتویں مرتبہ پورے جسم پر دم کریں۔۔۔۔

مولانا محمد یوسف صادق آباد والے مجھے ایک اور ترتیب کی اجازت دی هے جس کو کرنے سے بندہ سورہ بقرہ کا عامل بن جاتا اور آیت کرسی بھی پختہ هو جاتی هے۔اندھیرے کمرے میں تنہا کوئی اور نہ هو 40 رات تک پابندی کے ساتھ 100 مرتبہ آیت کرسی پڑھا جاتا هے۔۔

مولانا احمد علی پنجگور نقشبندی رحمت اللہ علیہ مولانا پیر ذوالفقار علی نقشبندی صاحب کے پیر بھائی هیں۔اور مرشد عالم پیر غلام حبیب شاہ

وظائف۔

صاحب رحمت اللہ علیہ کے بڑے خلیفہ تھے کئی کتابوں کے مصنف ہیں اس نے اپنے تمام اعمال کی بندے کو اجازت دی ھے-----

آیت کرسی کے دو خصوصی عمل حفاظت کے لیئے حضرت نے اجازت عطا فرمائی --

پہلا---

درود شریف ایک بار سورہ فاتحہ ایک بار آیت کرسی ایک بار چار قل شریف ایک ایک بار درود شریف ایک بار پڑھکر شھادت کی انگشت پر دم کرکے تصور میں اپنے اور اپنے متعلقین کے اوپر گھما کر سب کا حصار کرے--

دوسرا--

آیت کرسی سات بار
فَسَیَکْفِیکَهُمُ اللہُ ہُوَ السَّمِیعُ الْعَلِیمُ ---1بار
صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَہُمْ لایَرْجِعُونَ---- 1بار
صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَہُمْ لَایَفْقَهُوْنَ ---- 1بار

وظائف۔

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَمْكُرُوْنَ---- 1 بار

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَنْطِقُوْنَ---- 1 بار

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَتَكَلَّمُوْنَ---- 1 بار

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ--- 1 بار

بِسِّمِ اللہ الَّذِي لا يَضُرُّ مَعَ اسمِہِ شَيءٌ في الأرْضِ ولا في السَّماءِ وهُوَ السَّمِيعُ العَلِيم---- 1 بار

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّ ھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ --- 1 بار

وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا --- 1 بار

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ یُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ --- 1 بار

پڑھکر ھاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیں اور تصور میں اپنے بیوی بچوں اور متعلقین کو حفاظت کی نیت سے دم کریں--

وظائف۔

اعمال میں سب سے بڑا فائدہ پابندی کرنے سے ھوتا ھے اگر زیادہ پڑھنے کا موقعہ نہ ملے تو کچھ نہ کچھ پڑھنا چاہیئے۔اعمال اذکار اور دعاؤں کی ضرور عادت ڈالیں۔۔

دم درود اگر کوئی کر رہا ہے تو خدمت کی نیت سے کریں غریبوں کی حوصلہ افزائی کریں بیمار اور پریشان حال اپنے مسلمان بھائیوں کو ھمت اور حوصلہ دیں۔۔فقیر غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ نقشبندیہ شاھی تمپ تربت کیچ بلوچستان

8: مفتی تقی عثمانی مدظلہ کے دادا کا وظیفہ ۔۔:

مفتی تقی عثمانی مدظلہ کے دادا استاد، وہ فرمایا کرتے تھے کہ حفاظت کا ایک عمل ایسا ہے کہ کچھ خاص لوگوں کو ہی بتایا کرتا ہوں لیکن اب چوں کہ عمر کا آخری حصہ ہے اس لیے دل چاہتا ہے کہ ہر مسلمان

وظائف۔

تک یہ پہنچ جائے۔ اس کی تائید حضرت مفتی ولی حسن ٹونکی صاحب رحمہ اللہ نے بھی کی تھی اور یہ عمل کیا کرتے تھے۔ وہ عمل ذیل میں ارسال کیا جارہا ہے۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم (تین مرتبہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم (تین مرتبہ)

اعوذ بِکَلِماتِ اللہ التَّامَّات مِن شرِّ ما خَلَق (تین مرتبہ)

بسم اللہ پڑھ کر تین مرتبہ سورۃ اخلاص

بسم اللہ پڑھ کر تین مرتبہ سورۃ فلق

بسم اللہ پڑھ کر تین مرتبہ سورۃ الناس

فَاللہُ خَیرٌ حافِظًا وَّ ھُوَ اَرحَمُ الرَّاحِمِین (تین مرتبہ)

وَ اَنَّ اللہ قَد اَحاطَ بِکُلِّ شَیٍٔ عِلماً (تین مرتبہ)

آخر میں کوئی بھی درود شریف تین مرتبہ اس کے بعد پورے جسم پر دم کرلیں، اپنے اہل و عیال اور بچوں کا بھی حصار کرلیں۔

وظائف۔

فجر کی نماز کے بعد، مغرب کی نماز کے بعد۔۔۔ان شاءاللہ بے شمار فوائدوبرکات کھلی آنکھوں سے نظر آئیں گی اور شیطانی قوتوں اورھمہ قسم بداثرات سے حفاظت ہوگی

یاد رکھیں !

ان اذکارکاخوداہتمام کرتے ہوئے، جتنا زیادہ ایسی خوبصورت،پیاری باتیں آگے پھیلائیں گےاتنازیادہ فائدہ دنیا وآخرت میں پائیں گے

وظائف۔

9:خصوصی عمل---:

ھر نماز کے بعد--

رب لاتذرنی فردا وانت خیر الوارثین--

5--7--9-11--جتنا شوق ھو پڑھیں ورنہ پانچ---

سورہ قریش صبح شام 11 -11 بار ہر نماز کے بعد اگر پڑھیں گے مزید فائدہ ھو گا--

ولاتخافی ولا تحزنی انا رادوہ الیک 41بار

رب ادخلنی مدخل صدق و اخرجنی مخرج صدق واجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا--

ایک بار---

کسی شھر میں داخل ھوتے وقت کوئی کام یا خریدوفروخت کرتے وقت یہ اور *رب لاتذرنی فردا وانت خیر الوارثین* 3 بار پڑھیں

وظائف۔

کسی شہر میں داخل ھوتے وقت تین بار *اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق* پڑھنے سے وھاں کے شرور سے محفوظ ھونگے۔۔

غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ سلامیہ غفوریہ مجددیہ نقشبندیہ شاھی تمپ تربت کیچ بلوچستان

10:الحمدللہ اللہ بنعمتہ تتم الصالحات۔۔:

جو ساتھی اپنے حق کا خواھاں ھو مثلا ملازمت جائز شادی قرض جو کسی نے لیا ھو نہ دے رھا ھویا سامان چوری یا گم ھو گیا ھو۔۔ سورہ یوسف کی آیت کا یہ حصہ *ولا تخافی ولا تحزنی انا رادوہ الیک* دن یا رات کسی بھی وقت 41 بار پڑھ کر دعا کرے کسی جگہ میں نے ستر مرتبہ لکھا ھے ویسے 41 تعداد ھے اگر ھر نماز کے بعد کرے اور اچھا ورنہ دن میں

وظائف۔

ایک وقت ضرور کرے۔۔غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ سلامیہ مجددیہ نقشبندیہ شاھی تمپ تربت کیچ بلوچستان

11: صبح اور شام کا عمل۔۔:

صبح تین مرتبہ پڑھیں بسم اللہ الذی لایضر مع اسمہ شئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم

تین مرتبہ پڑھیں اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق

چار قل تین تین بار پڑھیں ہر مصیبت سے حفاظت ھو گی

سات بار پڑھیں حسبی اللہ لاالہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم

تمام تمام کام بنتے چلے جائیں-----

فقیر غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ نقشبندیہ شاھی تمپ تربت کیچ۔۔

وظائف۔

12:وعلیکم السلام و رحمت اللہ و برکاتہ --:

ایک تو حزب البحر کوشش کریں صبح شام پڑھا کریں---

تین، تین مرتبہ پڑھا کریں--

دوسرا اللھم انا نجعلک فی نحورھم و نعوذبک من شرورھم

ہر نماز کے بعد کچھ تعداد پڑھا کریں-----

41یا100 جتنا بشاشت کے ساتھ ہو سکے-------

صبح ھزار پانچ سو یا 313 بار پڑھیں-- بدخواہوں کے تصور کے ساتھ--

مغرب یا عشاء کے بعد بھی 1000باریا500یا313بارپڑھیں-----

ہر نماز کے بعد یاوھاب 100بار کم ازکم

لاحول ولا قوت الا باللہ 100 بار۔کم از کم۔

ان دونوں اعمال کی چلتے پھرتے بھی کثرت مفید ھے--

وظائف۔

میں صبح لاحول ولا قوت الا باللہ کم از کم 1000 بار پڑھنے کی کوشش کرتا

ھوں---

شام کو بھی-----

یہ غموں کو جڑ سے اکھیڑ دیتا اس کی برکت سے بڑی بڑی مشکلات کے

شکنجے سے بندہ نکل جاتا ھے--

یاوھاب وتر سے پہلے 1000 بار پڑھنا بھی آغا جان صاحب فرماتے ہیں

ان اعمال کو اپنے معمولات بنائیں ۔مزید جو بات ذھن میں آئے گی

بتاتے رھینگے۔دعا ھیکہ اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے آمین

ہر قسم کی راحت عطا فرمائے اور شرور سے محفوظ رکھے آمین

باقی ----

اعمال کرتے رھیں اگرچہ ظاہرا محسوس نہ ھو لیکن حقیقت میں فائدہ ضرور

ھوتا ھے۔تھانوی صاحب رحمت اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ روحانی دنیا میں

ترقی کا سب سے بڑا اور اھم ترین راز یہ ھیکہ سالک یا مرید یا ذاکر اپنے

وظائف۔

اعمال میں لگا رھے بس۔یعنی بسط و قبض کی طرف توجہ نہ کرے بس اس طرف توجہ ھو کہ میرے اعمال ھو رھے ھیں کہ نہیں۔۔

یاسبوح یاقدوس یاغفور یاودود۔۔

ہر نماز کے بعد صرف ساتھ مرتبہ پڑھیں۔۔۔

یہ عمل تسخیر حکام کے لیئے مفید ھے اور ہر مشکل کی آسانی کے لیئے بھی بزرگوں نے مجرب لکھا ھے۔۔

مولانا محمد عمر سربازی رحمت اللہ علیہ نے شفاء الاسقام میں تسخیر حکام کے حوالے سے ذکر کیا ھے۔۔

مولانا حکیم اختر صاحب نے تسخیر اور ہر قسم کے مشکلات کے آسانی کے لیئے ذکر کیا ھے۔اسی طرح نمازوں کے بعد کے نوافل کو نماز حاجت کی نیت سے پڑھیں پھر دعائے حاجت پڑھیں۔۔۔۔

صبح و شام سورہ یس مغرب کے بعد واقعہ جمعہ کے دن سورہ کھف بھی پڑھنا چاہیئے۔۔۔۔۔۔

وظائف۔

مولانا لاہوری صاحب رحمت اللہ علیہ کا ایک خاص عمل ھے سورہ الضحی جمعہ کی نماز کے بعد اگر ہوسکے اگر ہوسکے 101 مرتبہ پڑھ کے دعا کریں جمعہ کے دن اگر کسی مصروفیت کی وجہ سے مشکل لگے تو جمعہ کی رات کو کرلیں۔۔۔۔

ضرورت کے وقت دو تین دن پے در پے کر سکتے ہیں بہت مجرب عمل ھے کوئی چیز گم ہو تو تین پانچ یا ساتھ دن عمل کرنے سے چیز اکثر مل جاتی ھے۔

ولا تخافی ولا تحزنی انا رادوہ الیک۔۔روزانہ کسی بھی وقت 41 پڑھنے سے حقوق ملتے رہیں گے۔۔۔۔

واذکروا اللہ کثیرا لعلکم تفلحون۔

وظائف۔

13:کسی دوست کو اس ترتیب پر دم کرنے کی اجازت دی تھی--

دعوت قبول کریں اور دم کرنے لیئے چلے جائیں اور دم کریں--

حدیث شریف میں ھے خیر الدواء القرآن---

بھترین دوا قرآن ھے

حدیث میں قرآن شریف اور دعاؤں سے علاج ،حجامہ سے علاج ،اور دوا جڑی بوٹی وغیرہ سے بھی علاج ثابت ھے۔ایک کا ایک روحانی طریقہ صلات الحاجت پڑھنا،اللہ سے رو رو کر دعا مانگنا اور صدقہ و خیرات کرنا بھی ثابت ھے۔

ایک مولانا صاحب فرمانے لگے جس بیماری کو ڈاکٹر لاعلاج قرار دیں قرآن کے ذریعے ان بیماریوں کا بھی علاج کیا جا سکتا ھے۔لیکن علاج کرنے

وظائف۔

اور کرانے والے کو یقین ھونا چاہیئے۔۔کہ قرآن حکیم کے اندر شفا ھے۔۔۔۔

فرماتے ھیں میرے پاس کینسر کا ایک مریض آیا۔۔۔میں نے اسے اکیس دن تک ہر نماز کے بعد 41 مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھنے کا کہا کہ پڑھکر پانی پر دم کرکے پی لیں اور ھاتھوں پر دم کرکے جسم پر پھیر لیں۔۔۔ فرماتے ھیں 21 دن کے بعد ٹیسٹ کیا تو خون کے اندر کینسر کا نام و نشان نہ۔تھا۔۔۔

یہ پنجاب کے اھل حدیث عالم ابتسام الھی نے بیان کیاھے۔۔۔ بڑے سچے حق گو اور دلیر عالم ھے مولانا فضل الرحمان صاحب سے کافی قربت رکھتے ھیں۔۔

ان کے والد مولانا احسان الھی ظہیر شہید صاحب مسلک اھل حدیث کے پاکستان میں سربراہ تھے۔۔بہت دلیر عالم تھے۔شیعوں کے ساتھ ان کی

وظائف۔

بڑی نفرت تھی مولانا حقنواز جھنگوی شہید رحمہ اللہ علیہ سے پہلے شیعوں کے خلاف کام کرنے میں یہ پیش پیش اوربہت مشہور تھے----

انکی شہادت کے بعد جھنگوی شہید اور ان کے رفقاء نے اس محاذ کو خوب سنبھالا اور اس پر بڑی قربانیاں دی ھیں۔اللہ ان کی شہادت اور قربانیوں کو قبول فرمائے آمین

علاج کرنے پر۔معاوضہ لے لیں حیثیت دیکھ کر۔ عملیات پر معاوضہ لینا بالاتفاق جائز ھے خاص کر ان کے لیئے جو اس فن میں واقعی مہارت رکھتے۔ھیں--

دم کرنے پر 30 بکریاں لینا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے ثابت ھے بخاری شریف اور باقی کتب کے اندر یہ تفصیل موجود ھے۔

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اجرت پر خوشی کا اظہار فرمایا تھا۔ صحابہ کرام کو خوش رکھنے کے لیئے فرمایا تھا میرا حصہ بھی دے دو--

وظائف۔

میں آپ کو عملیات کی مکمل اجازت دیتا ھوں۔مولانا اخلاق سے طریقہ کار اور تعویذات نوٹ کریں---

منزل کو کثرت سے پڑھیں۔ھوسکے تو چالیس دن تک ہر نماز کے بعد تین مرتبہ توجہ ,احترام اور محبت ساتھ پڑھیں۔ھاتھوں پر دم کرکے جسم پر پھیر لیں۔پانی پر دم کرکے پییئں اور پلائیں---

عشاء کے بعد اگر تین سے بڑھا کر 11--9-7 یا 5 بار کر لیں اور اچھا ھے۔ مقصد یہ ھیکہ چالیس دن تک اس عمل کے ساتھ چمٹ جائیں---

منزل پڑھنے کے بعد خوب دعا کریں اور منزل کے وسیلے سے منزل کی طاقت ، روحانیت اور فیض و برکات اللہ سے مانگیں اور اللہ سے دنیا اور آخرت کی خیر مانگیں--

استغفار چشتی کی کثرت کریں--

وظائف۔

فجر کی سنت کے بعد سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم استغفراللہ 100 باراور 41 بار سورہ فاتحہ بسم اللہ متصل کے ساتھ پوری زندگی پابندی کرنے کی کوشش کریں کم از کم ایک چلہ یا تین چلہ بالکل قضا نہ کریں--

فقیر غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ سلامیہ غفوریہ مجددیہ نقشبندیہ شاھی تمپ تربت کیچ بلوچستان.-

14:حضرت مولانا احمد لاٹ صاحب کاپیغام--:

امریکہ میں کینسر کے مریض صحت یاب ہوگئے

تبلیغی جماعت کے رکن حضرت مولانا احمد لاٹ صاحب کا بتایا ہوا وظیفہ

کسی بھی وقت سب سے پہلے 7 مرتبہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کلی دَاءٍ وَ دَوَاءٍ وَ بَارِك وَ سَلِّمْ

->پھر سورۃ الفاتحۃ 7 مرتبہ

->پھر سورۃ اخلاص 7 مرتبہ

وظائف۔

پھرآخرمیں مندرجہ بالا درود شریف۔

سات مرتبہ پڑکر پانی پردم کرکے پیئں. صحت مند بھی پڑھیں، مریض پر بھی دم کریں۔.

15: خوف و گھبراہٹ سے حفاظت۔۔:

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللہ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَّحْضُرُوْنِ

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کے تمام کلمات (یعنی اسماء و صفات) کی پناہ میں آتا ہوں اُس کے غضب وغصہ سےاوراس کے عذاب سے اور اس کےبندوں کے شرسے اورشیاطین کے وسوسوں سےاور اے میرے پروردگار میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سےکہ وہ (شیطان) میرےپاس بھی آئیں۔

وظائف۔

فائدہ: مذکورہ کلمات خوف و گھبراہٹ سے حفاظت اور اُس کیفیت کو دور کرنے کیلیئے بڑے مفید اور بہترین ہیں ،نبی کریم ﷺ خوف و گھبراہٹ کی حالت میں اور بالخصوص نیند میں ڈر جانے اور خوف و گھبراہٹ کا شکارہوجانے کی صورت میں اِن کلمات کو پڑھنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔(ابوداؤد: 3893)(ترمذی:3528)

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص (رض) کے بارے میں آتا ہے کہ وہ اپنی بالغ اولاد کو اِن کلمات کے پڑھنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے اور نابالغ کم سِن اولاد کے گلے میں یہ کلمات لکھ کر ڈال دیا کرتے تھے۔(ترمذی:3528)...2022/10/12

وظائف۔

16:رزق و روزی میں برکت قرآن و سنت کی روشنی میں۔۔:

سب سے پہلی بات شریعت و سنت کی پابندی یعنی تقوی سے رزق بڑھتا ھے اس میں برکت ھوتی ھے

دوسرے نمبر پر قرآن کی پابندی سے تلاوت خاص کر مغرب کے بعد سورہ واقعہ اور فجر کے بعد سورہ یس جمعہ کے دن یا رات کو سورہ کھف پڑھنے سے رزق بڑھتا ھے

نمبر تین اذکار کی کثرت خاص طور پر استغفار کی کثرت ۔ حدیث شریف میں استغفار کو بھترین دعا کہا گیا ھے اور فجر کی سنت کے بعد سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم استغفراللہ کی پابندی کرنے والے کو معاشی پریشانی سے نجات ملتی ھے اس دعا کو جمعہ کے بعد سو مرتبہ پڑھنا بھی چاھیئے یہ مخلوقات کا وظیفہ ھے ۔۔حدیث۔۔جس کی برکت سے اللہ ان کو رزق دیتے ھیں یہ بخاری شریف کی آخری حدیث بھی ھے کہ دو کلمے

وظائف۔

ھیں جو زبان پر ھلکے ھیں قیامت کے دن میزان میں بھاری ھیں رحمن کے نزدیک بہت محبوب ھیں سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم--

مفتی رشید احمد لدھیانوی صاحب رحمت اللہ علیہ فرماتے ہیں جہاد کے راستے کچھ مال خرچ کرنے سے رزق میں برکت ھوتی ھے اپنے کاروبا ملازمت میں اللہ کو شریک بنائیں یعنی اپنی کمائی کا ایک حصہ اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کے لیئے نکالیں---ہر مہینہ یہ کریں--

ماں باپ کی خدمت و عزت اور زندہ ھوں یا فوت ھوچکے ھوں ان کے لیئے دعا کرنے سے رزق میں برکت ھوتی ھے ۔

یہ قیمتی موتی ھیں ان کی قدر کریں--

فقیر غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ سلامیہ غفوریہ مجددیہ نقشبندیہ شاھی تمپ

وظائف۔

17:ھر قسم کی مشکلات کو آسان کرنے اور برکت کے لیئے۔۔:

پابندی شرط ھے

ھرنماز کے بعد۔۔۔

یاوھاب 100 بار

لاحول ولا قوت الا باللہ 100بار۔۔۔

یاسبوح یاقدوس یاغفور یاودود 7بار۔۔۔

صبح کسی بھی وقت۔۔

70 بار۔۔۔ *ولاتخافی ولا تحزنی انا رادوہ الیک* ۔۔

کسی بھی کام کو شروع کرنے سے پہلے تین۔۔پانچ یاسات بار پڑھیں۔۔۔

*رب ادخلنی مدخل صدق و اخرجنی مخرج صدق واجعل لی من لدنک

سلطانا نصیرا۔۔۔*

وظائف۔

رب لاتذرنی فردا وانت خیر الوارثین۔۔۔غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ سلامیہ غفوریہ مجددیہ نقشبندیہ شاھی تمپ تربت کیچ بلوچستان

18:رقیہ شرعیہ ہر قسم کی بیماری کے لیئے۔۔:

نظر سحر جن وغیرہ وغیرہ

صبح شام پڑھیں مریض_ پر دم کریں

1- بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۝ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ۝ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ۝ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ۝ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ۝ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ

وَلَا الضَّالِّينَ۝- 7 مرتبہ

وظائف۔

2۔ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ ۚ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ ۚ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۖ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ ۖ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ﴿۲۵۵﴾ 1 مرتبہ

3۔ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓىٕكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ٭ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ﴿۲۸۵﴾
لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَیْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ نَّسِیْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَیْنَاۤ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَ اعْفُ عَنَّا ٝ وَ اغْفِرْ لَنَا ٝ وَ ارْحَمْنَا ٝ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۲۸۶﴾ --1مرتبہ

وظائف۔

4۔ لَوْ أَنْزَلْنَا هَٰذَا الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُتَصَدِّعًا مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۚ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ۝ هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۖ هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ۝ هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝ هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ ۖ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۚ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ 1 مرتبہ

5۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ ۝ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ ۝ وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ۝ وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَا عَبَدْتُمْ ۝ وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ ۝۔ 3 مرتبہ

6۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

وظائف۔

قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ۝ اللَّهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ ۝ 3 **مرتبہ**

7۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝۔ 3 **مرتبہ**

8۔ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ إِلَٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝۔ 3 **مرتبہ**

9۔ "اللَّهُمَّ رَبَّ النَّاسِ أَذْهِبْ الْبَاسَ اشْفِ وَأَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقْمًا۔۔۔۔ .3 **مرتبہ**

وظائف۔

10- بِسْمِ اللَّهِ أَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ اللَّهُ يَشْفِيكَ بِسْمِ اللهِ أَرْقِيْك۔--. 3مرتبہ

11- أسألُ اللهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ العَظيمِ أنْ يَشْفِيَكَ۔- 7مرتبہ

12- بِسْمِ اللهِ "(3)" أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللهِ وقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أُجِدْ وأُحَاذِر۔- 7مرتبہ

13- أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔--- 3 مرتبہ

14- أعوذُ بكلماتِ اللهِ التامّةِ , من كلِّ شيطانٍ وهامّةٍ , ومن كلِّ عينٍ لامّة۔ --۔ 3 مرتبہ

15- بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔- 3 مرتبہ

وظائف۔

*فقیر غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ سلامیہ غفوریہ مجددیہ نقشبندیہ شاھی تمپ تربت کیچ بلوچستان

19: خواتین کے لئیے اسم اعظم پڑھنے کا طریقہ--:

(1) اسم اعظم کا وظیفہ جتنی جلدی ہوسکے سوا لاکھ مرتبہ مکمل کریں*

(2) جب بھی وظیفہ پڑھنے بیٹھیں سورۃ الاخلاص 10 مرتبہ حصار کی نیت سے پڑھیں*

(3) جتنی مرتبہ ہو سکے وقت مقرر کر کے ایک جگہ بیٹھ کر بلا ناغہ روزانہ پڑھیں

(4) ماہواری کے دِنوں میں صرف تین سو مرتبہ پڑھیں اور سورہ اخلاص نہ پڑھیں تاکہ عمل کا ناغہ نہ ہو*

(5) 1000 مرتبہ درود شریف روزانہ کسی بھی وقت اور چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے بھی پڑھ سکتے ھیں

وظائف۔

20:ذاکر کی کامیابی یقینی ہے---:

واذکروا اللہ کثیرا لعلکم تفلحون

اللہ تعالیٰ کا ذکر تم کثرت کے ساتھ کیا کرو تم یقینا کامیاب ہو جاؤ گے صبح ھزار بارلاحول ولا قوۃ الا باللہ 1500بار یاوھاب 100بار اللھم انا نجعلك في نحورہم ونعوذ بك من شرورہم اور پھرہر نماز کے بعد سوسو بار پڑھیں ان شاءاللہ برکت اور حفاظت کے لیئے کسی اور وظیفہ کی حاجت نھیں ہوگی ویسے ہر نماز کے بعد کچھ وظیفہ کرنا چاہیئے یہ مت سوچیں لوگ دیکھیں گے کیا کہیں گے یہ نفس و شیطان کا دھوکہ ہے اور اس دھوکے آنے والا دین کا کوئی بڑا کام نہیں کر سکے گا کیونکہ لوگوں کا کام کیچڑ اچھالنا ہے کل آپ کی بگڑی،پرسوں داڑھی،ترسوں پارٹی پر اعتراض کرینگے اچھے اچھے دیندار لوگ تہجد گزار سکولر پارٹیوں کے رکن

وظائف۔

ہیں ان کو بھی نفس و شیطان نے پٹی پڑھائی ہے کہ ہم علماء کرام کے ساتھ ہونگے تو لوگ کیا کہیں گے

زمانہ باتو نہ سازد تو بازمانہ ستیز

زمانہ موافق نہ ہو تو ان کا مقابلہ کرو

لیکن راہ حق مت چھوڑو

دین کے معاملے میں کسی کی بھی پرواہ مت کرو کسی کی ملامت سے مت ڈرو یہ اللہ کا بہت بڑا فضل ہے

کوئ دوست ساتھ ہو اس کو بھی ذکر پر لگاؤ جو دوست آپ کو آپ کے اعمال یاذکر سے روکے یا دور کرے تو یہ شیطان کا نمائدہ اور آپ کا پکا دشمن ہے کیونکہ یہ آپ کو اللہ تعالیٰ سے دور کر رہا ہے

اے بسا ابلیس بصورت آدم است

بہت سے شیطان انسانی شکل میں ہیں ان میں ایک ابلیس وہ ہے جو آپ کو اللہ کے ذکر سے روکے اگرچہ آپ کی اولاد کیونکہ نہ ہو قرآن عظم

وظائف۔

الشان میں ہے کہ تمھارا مال اور تمھاری اولاد تمھارے لیئے آزمائش ہیں

دوسری جگہ ہے کہ دیکھو تمھارا مال اور تمھاری اولاد تمھیں اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل نہ کر دیں

تیسری جگہ اللہ فرماتے ہیں کہ تمھارا مال اور تمھاری اولاد تمھارے دشمن ہیں

یہ اس وقت ہے کہ جب انسان اپنے مال اور اپنی اولاد کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو بھول جائے۔بلکہ حدیث شریف میں آتا ہیکہ اللہ کا ذکر ایسے کرو کہ لوگ آپ کو دیوانہ کہنا شروع کر دیں نمازوں کے بعد آنکھیں بند کر کے اپنا ذکر شروع کریں ذکر کے بعد جی لگا کر خوب دعائیں کریں اس کو معمول بنائیں

ان شاءاللہ پھر انکے فائدے آپ اپنی آنکھوں سے دیکھیں گے اور دنیا بھی دیکھے گی آپ پر ہنسنے والے آپ کی بہت جلد قدر کرنے والے بن جائیں ان شاءاللہ --

وظائف۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں واذکروا اللہ کثیرا لعلکم تفلحون تم اللہ کا ذکر کثرت سے کرو یقیناً تم کامیاب ہو جاؤ گے

ابھی کثرت یاذکر کثیر کی مقدار کیا ہے

مولانا عبد الحفیظ مکی صاحب رحمۃ اللہ علیہ خلیفہ مجاز حضرت مولانا شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب، مدفون جنت البقیع فرماتے ہیں 300 بار تک کسی ذکر کو کرنا اس کی کثرت ہے اگر طبیعت لگے ھزار کر دیں دو ہزار کر دیں

بزرگان دین پھر اپنے تجربات کے مطابق اپنے دوستوں کو بتاتے ہیں

مولانا یعقوب نانوتوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ذاکر کو جس وقت جس ذکر میں مزہ آئے تو اس ذکر کو بہت کرے

مولانا خلیل احمد سہارنپوری رحمہ اللہ جو شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب کے استاد اور مولانا رشید احمد گنگوہی صاحب کے مجاز ہیں فرماتے جس کو اللہ کا ذکر دیا گیا ہے گویا اس کو ولایت کا آڈر یاسرٹیفکٹ دیا گیا ہے

وظائف۔

اللہ کا نام بار بار لینا اللہ سے محبت کی دلیل ہے

فقیر غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ سلامیہ مجددیہ نقشبندیہ شاہی تمپ تربت کیچ

21:ہر قسم کے امراض کے لیئے مجرب ہے--:

سب سے پہلے سو بار اللھم صلی علی محمد بعدد کل داء و دواء و بارک وسلم

پھر سات بار سورہ فاتحہ

دس بار سورہ اخلاص

پھر سو بار
اللھم صل علی محمد بعدد کل داء و دواء و بارک وسلم

ان اعمال کا ثواب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور مولانا ہاشمی ٹھٹوی کو بخش دیں

پانی اور مریض پر بھی دم کریں

وظائف۔

ہر قسم کے امراض کے لیئے مجرب ہے

مولانا رحمت اللہ قلاتی امام و خطیب تاریخی جامع مسجد حضرت علی قلات..

22:جادو کا حتمی علاج---:

قرآن پاک کی آخری دو سورتیں جنہیں معوز تین کہا جاتا ہے

سحر کے علاج میں مغز کی حثیت رکھتی ہیں -

یعنی سورہ فلق اور سورہ والناس -

انہیں گیارہ گیارہ مرتبہ صبح و شام پڑھنا چاہیۓ اور بچوں پر پڑھ کر دم کرنا چاہیۓ – یہ بے نظیر و بے مثال عمل ہے -

انہیں آیات کے پڑھنے سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سحر سے شفاء ملی -- منقول و کاپی پیسٹ

وظائف۔

23:ایک عمل کی دوستوں کو اجازت دیتا ہوں۔۔۔:

ایک عمل کی دوستوں کو اجازت دیتا ہوں عمل کرنے والوں کو بہت فائدہ ہو گا۔۔ان شاء اللہ

ہر نماز کے بعد پانچ بار پڑھیں۔

رب لاتذرنی فردا وانت خیر الوارثین۔۔

تین بار۔۔رب ادخلنی مدخل صدق و اخرجنی مخرج صدق واجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا۔۔

اسی طرح جب کسی علاقے میں داخل ہوں یا کوئی کام شروع کریں یا مشکلات در پیش ہوں تو گزشتہ ترتیب پر یہ دعا پڑھیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق بھی تین مرتبہ پڑھیں اس کو صبح شام بھی تین مرتبہ پڑھیں۔

وظائف۔

احباب اگر ان اعمال کی پابندی کریں --فقیر کی جانب سے ھدیہ سمجھیں ان شاء اللہ ان کے راز کھلتے رھیں گے--

24:درود شریف ناریہ---:

مفتی محمد زاہد منصور وظائف المنصور

درود ناریہ ایک ایسا مبارک درود شریف ہے .جو ہمارے اکابرین کا مستند اور مجرب وظیفہ رہا ہے. بڑے بڑے بزرگوں نے اسے اپنی کتابوں میں بہت اہمیت اور اھتمام کے ساتھ ذکر کیا ہے.

تمام جائز حاجات کے حصول کیلئے۔ ھر قسم کی پریشانیوں کے خاتمہ کیلئے اسی طرح رشتوں کی بندش ،کاروباری بندش ،جسمانی امراض ،روحانی امراض ،مالی پریشانیاں ،گھریلو ناچاقیاں ،ان سب کے خاتمہ کیلئے ،اور پہاڑ جیسے

وظائف۔

مسائل کو حل کرنے کیلئے،اس درود شریف کا پڑھنا مجرب المجرب اور بزرگوں کا معمول رہا ہے.

علامہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں 4444 مرتبہ اس کا ورد کرنا یہ اکسیر فی التاثیر ہے.

علامہ دینوری رحمہ اللہ۔ شیخ محمد تیونسی رحمہ اللہ۔اور دیگر کئی اکابرین نے اس درود شریف کو ذکرکرکے اس کے بے شمار فضائل ومناقب بیان فرمائے ہیں.

دارالعلوم دیوبند کے کئی بزرگوں کے معمولات میں یہ شامل رہا ہے جامعہ العلوم الاسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کے بزرگ اساتذہ کرام کا بھی یہی معمول رہاہےاور اب بھی سخت حالات میں اس کا وردکیا جاتاہے. سلسلہ نقشبندیہ میں یہ درود شریف پابندی سے پڑھا جاتاہے اور اس سلسلہ کے بزرگوں نے اسے اوراد نقشبندیہ میں اهتمام سے ذکر فرمایا

وظائف۔

ہے۔یہ درود شریف کئی طریقوں اور مختلف الفاظ کی کمی بیشی کے ساتھ آیا ہے اس میں موجود بعض کلمات دو طرح سے منقول ہیں :

تحل بهاالعقد وتنفرج بها الکرب وتقضی

بهاالحوائج وتنال بها الرغائب

اس صورت میں 'ھا' ضمیر لفظ صلاۃ کی طرف لوٹ رہی ہے

اور یوں بھی منقول ہیں:

تحل به العقد وتنفرج به الکرب وتقضی

به الحوائج وتنال به الرغائب

اور اس صورت میں 'ہ' ضمیر جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات بابرکات کیطرف لوٹ رہی ہے اور بطور وسیلہ اس طرح پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ اور یہ الفاظ شرکیہ ھرگز نہیں ،بزرگوں نے اس کی صراحت فرمائی ہے.

وظائف۔

اس درود شریف کو ناریہ اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ آگ کیطرح سریع التاثیر ہے یعنی جس طرح آگ کا اثر تیز ہوتا ہے اور تیزی کے ساتھ اثر کرتی ہے اسی طرح اس درود شریف کا بھی اثر تیز ہے.اور مقاصد و حاجات میں اس کا ورد کرنا سریع التأثیر ہے لہذا اسکو پڑھنے والوں کو ناری یعنی آگ والے کہنا یا ناری افعال والا کہنا قطعا مناسب نہیں ہے.

یہ درود شریف گوناگوں روحانی اسرار کا خزینہ ہے بلکہ اس میں حصولِ معرفت کا راز چھُپا ہے جسے عارفوں اور ولیوں کے سوا کوئی نہ جان سکا۔ لہذا اہلِ روحانیت میں اس درود شریف کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ اس لئے جو شخص اس درود شریف کے اسرار جاننا چاہتا ہے، اسے چاہیئے کہ اس درود پاک کو پوری توجہ اور انہماک کے ساتھ پڑھے۔ اس درود شریف کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ کسی تنہائی والی جگہ پر 40 دن کے لئے گوشہ نشینی اختیار کرے اور دن کے وقت روزہ رکھے اور چِلّہ کے دوران رات دن یہی درود پڑھے پھر دیکھے پردۂ غیب سے اس پر عجیب و غریب

وظائف۔

اسرار ظاہر ہوں گے۔ اس کے علاوہ رمضان المبارک میں اعتکاف کے دوران بھی اگر یہی درود پاک پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ اسے بے شمار روحانی اسراروں سے نوازے گا۔

اس کے علاوہ اس درود شریف کا 111 مرتبہ روزانہ 40 دن تک پڑھنا ہر بہت زیادہ فائدہ مند ہے

دنیوی فائدہ یہ ہے کہ اس درود پاک کو پڑھنے والا ہمیشہ رنج و غم اور پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے۔ لہذا جب کسی پر کوئی مصیبت آئے تو فوراً اس درود پاک کا ورد کرنا چاہیے انشاءاللہ مصیبت فوراً ختم ہوجائے گی یعنی زحمت رحمت میں تبدیل ہوجائے گی۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ صَلَاةً كَامِلَةً وَسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَتُقْضَى بِهِ الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيمِ وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ فِي كُلِّ لَمْحَةٍ وَنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُومٍ لَكَ.

وظائف۔

درود ناریہ ایک ایسا مبارک درود شریف ہے ۔جو ہمارے اکابرین کا مستند اور مجرب وظیفہ رہاہے۔ بڑے بڑے بزرگوں نے اسے اپنی کتابوں میں بہت اہمیت اور اهتمام کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

تمام جائز حاجات کے حصول کیلئے ۔ھر قسم کی پریشانیوں کے خاتمہ کیلئے اسی طرح ،رشتوں کی بندش ،کاروباری بندش ،جسمانی امراض ،روحانی امراض ،مالی پریشانیاں ،گھریلو ناچاقیاں ان سب کے خاتمہ کیلئے،اور پہاڑ جیسے مسائل کو حل کرنے کیلئے اس درود شریف کا پڑھنا مجرب المجرب اور بزرگوں کا معمول رہاہے۔

علامہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں 4444 مرتبہ اسکا ورد کرنا یہ اکسیر فی التاثیر ہے۔

علامہ دینوری رحمہ اللہ ۔ شیخ محمد تیونسی رحمہ اللہ اور دیگر کئی اکابرین نے اس درود شریف کو ذکرکرکے اس کے بے شمار فضائل ومناقب بیان فرمائے ہیں۔

وظائف۔

دارالعلوم دیوبند کے کئ بزرگوں کے معمولات میں یہ شامل رہا ہے جامعہ بنوری ٹاؤن کے بزرگ اساتذہ کرام کا بھی یہی معمول رہاہے اور اب بھی سخت حالات میں اس کا وردکیا جاتاہے. سلسلہ نقشبندیہ میں یہ درود شریف پابندی سے پڑھا جاتاہے اور اس سلسلہ کے بزرگوں نے اسے اوراد نقشبندیہ میں اہتمام سے ذکر فرمایا ہے. یہ درود شریف کئ طریقوں اور مختلف الفاظ کی کمی بیشی کے ساتھ آیا ہے اس میں موجود بعض کلمات دو طرح سے منقول ہیں :

تحل بهاالعقد وتنفرج بها الكرب وتقضى

بهاالحوائج وتنال بها الرغائب

اس صورت میں "ھا" ضمیر لفظ صلاۃ کی طرف لوٹ رہی ہے

اور یوں بھی منقول ہیں :

تحل به العقد وتنفرج به الكرب وتقضى

به الحوائج وتنال به الرغائب

وظائف۔

اور اس صورت میں "ہ" ضمیر جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات بابرکات کیطرف لوٹ رہی ہے اور بطور وسیلہ اس طرح پڑھنے میں کوئی حرج نہیں. اور یہ الفاظ شرکیہ ھرگز نہیں بزرگوں نے اس کی صراحت فرمائی ہے. لہذا اس درود شریف کو اہل بدعت کا درود کہنا بالکل ہی نامناسب ہے

اور اس کو ناریہ اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ آگ کیطرح سریع التاثیر ہے یعنی جس طرح آگ کا اثر تیز ہوتا ہے اور تیزی کے ساتھ اثر کرتی ہے اسی طرح اس درود شریف کا بھی اثر تیز ہے.اور مقاصد و حاجات میں اسکا ورد کرنا سریع التأثیر ہے

معلوم لک کے بعد یااللہ یارحمن یاارحم الراحمین پڑھیں--

4444آٹھ رات اعتکاف کرکے ہر رات پڑھنا ہوتا ھے اگر مشکل لگے تو 444مرتبہ ہر رات پڑھنا چاہیئے--پھر ہر رات 44مرتبہ پڑھنا چاہیئے--

وظائف۔

یہ ترتیب مرالمشائخ سید آغا عبدالصمد صاحب المعروف آغا جان کی ھے زکات ادا کرنے سے پہلے کچھ کچھ پڑھ جائے کم ازکم 44 مرتبہ رات کو پڑھا جائے --

موت سے لڑو زندگی ملے گی الیاس کشمیری

25: خانقاہ کے ساتھ دلائل الخیرات کو پڑھنا چاہیں---:

خانقاہ کے ساتھ دلائل الخیرات کو پڑھنا چاہیں تو اجازت ہے مولانا اخلاق سے ترتیب معلوم کرلیں ھر ساتھی کے پاس یہ کتاب ھونی چاہیئے--- ایک کتاب ہے جس محمد رسول اللہ صل اللہ علیہ والہ وسلم کے 1177 گیارہ سوستتر نام ھیں برکت کے لیئے گھر میں رکھ سکتے ھیں پڑھ بھی سکتے ہیں

وظائف۔

ایک اور کتاب قصیدہ حسنی جس میں 500 سے اوپر حضور صل اللہ علیہ واله وسلم کے نام هیں یہ اشعار کے اندر ہے یہ بھی زبردست کتاب ہے

ایک رسالہ اللہ کے ایک سو ساٹھ سے اوپر نام هیں بھی بھت مفید هر مرض کے دفع کے لیئے پڑھا جاتا ہے

یہ کتاب کے وظائف آغا جان صاحب کی ترتیب پر هیں یا پھر نشان لگانے کی ضرورت ہے--

کھاں سے ملے گا آپ بھیج سکتے هیں بھیج دیں ساتھی پھر رقم بھیج دینگے مولانا اخلاق سے رابطہ کریں کتنے ساتھی لینے کے لیئے تیار ہو نگے---میں تیار هوں

وظائف۔

26:ان دو عمل کی خانقاہ کے ساتھیوں کو خصوصی اجازت ہے

ان دو عمل کی خانقاہ کے ساتھیوں کو خصوصی اجازت ہے سب یاد کر لیں اور عمل میں لائیں --

مولانا احمد علی پنجگور نقشبندی رحمت اللہ علیہ مولانا پیر ذوالفقار علی نقشبندی صاحب کے پیر بھائی ھیں۔اور مرشد عالم پیر غلام حبیب شاہ صاحب رحمت اللہ علیہ کے بڑے خلیفہ تھے کئی کتابوں کے مصنف ہیں اس نے اپنے تمام اعمال کی بندے کو اجازت دی ھے-----

آیت کرسی کے دو خصوصی عمل حفاظت کے لیئے حضرت نے اجازت عطا فرمائی --

پہلا---

درود شریف ایک بار سورہ فاتحہ ایک بار آیت کرسی ایک بار چار قل شریف ایک ایک بار درود شریف ایک بار پڑھکر شھادت کی انگشت پر دم کرکے تصور میں اپنے اور اپنے متعلقین کے اوپر گھما کر سب کا حصار کرے--

وظائف۔

دوسرا۔۔

آیت کرسی سات بار

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۔۔۔1 بار

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ۔۔۔۔ 1 بار

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ۔۔۔۔ 1 بار

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَمْكُرُوْنَ۔۔۔۔ 1 بار

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ۔۔۔۔1 بار

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ۔۔۔۔1 بار

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔۔۔ 1 بار

بِسْمِ اللهِ الَّذِي لا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الأَرْضِ ولا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ۔۔۔۔ 1 بار

فَاللهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۔۔۔1 بار

وظائف۔

وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ---1بار

لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ وَہُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ ۚ وَہُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ---1بار

پڑھکر ھاتھوں پر دم کرکے جسم پر پھیر لیں اور تصور میں اپنے بیوی بچوں اور متعلقین کو حفاظت کی نیت سے دم کریں--

اعمال میں سب سے بڑا فائدہ پابندی کرنے سے ھوتا ھے اگر زیادہ پڑھنے کا موقعہ نہ ملے تو کچھ نہ کچھ پڑھنا چاہیئے۔اعمال اذکار اور دعاؤں کی ضرور عادت ڈالیں--

دم درود اگر کوئی کر رہا ہے تو خدمت کی نیت سے کریں غریبوں کی حوصلہ افزائی کریں بیمار اور پریشان حال اپنے مسلمان بھائیوں کو ھمت اور حوصلہ دیں--فقیر غلام اللہ رستم نقشبندی خانقاہ عالیہ صمدیہ نقشبندیہ شاھی تمپ تربت کیچ بلوچستان

وظائف۔

27: عمل برائے زیارت نبی کریم صل اللہ علیہ والہ وسلم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ.

زبردست عمل برائے زیارت نبی کریم صل اللہ علیہ والہ وسلم

رات سونے سے پہلے سو بار یا ہزار بار پڑھیں

حضرت مفتی زرولی خان صاحب رحمت اللہ علیہ